عبادات اسلامی کو سر بسر عسکریت کا ایک کورس سمجھا جائے۔

ہمارا قائد۔ از جناب محمد احمد خاں صاحب۔ ایم اے عثمانیہ۔

شائع کردہ:۔ قائد ملت اکاڈمی۔ حیدرآباد۔ دکن۔ قیمت مجلد عہ

یہ کتاب مولوی محمد بہادر خاں (بہادر یار جنگ) مرحوم کے سوانح پر مشتمل ہے۔ مرحوم کے متعلق یہ کہنا بے جا نہ ہوگا کہ مسلمانوں کے موجودہ سیاسی دور میں اسلامی نقطۂ نظر سے اگر کوئی قابل قدر شخصیت نمودار ہوئی ہے تو وہ صرف یہی ایک تھی اور اسی وجہ سے اسے آگے بڑھنا نصیب نہ ہوا۔ مرحوم کی سوانح اور سیرت کا مطالعہ کرنے سے اندازہ ہوتا ہے کہ اس شخص میں ایک مکمل مسلم لیڈر کے تمام ضروری اوصاف جمع تھے اور اس کے مضبوط کیرکٹر میں حقیقی جذبۂ اسلامی کا جوہر بھی محفوظ تھا۔ قریب تھا کہ یہ جوہر پوری طرح آشکارا ہو، مگر مرحوم کا پیمانۂ حیات لبریز ہو گیا اور مسلم سیاست کی کل اسلام ناشناس قیادت کے بس میں رہ گئی۔ اب تو صرف اس لیڈر کی سوانح ہی سے استفادہ ممکن ہے۔ "ہمارا قائد" میں اس سوانح کے بہت سے پہلو نمایاں کیے گئے ہیں، مگر ابھی اس سے جامع تر کتاب کا انتظار کرنا چاہیے۔

دیواری نقشہ ہائے تاریخ اسلامی مرتبہ جناب ڈاکٹر محمد حمید اللہ صاحب ایم اے عثمانیہ

شائع کردہ:۔ حیدری کتب خانہ، رسالہ عبد اللہ، نظام شاہی روڈ، حیدرآباد، دکن۔ قیمت مکمل سیٹ صہ

تاریخ اسلامی سے دلچسپی رکھنے والے اصحاب ان نقشوں سے بہت فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ فہرست درج ذیل ہے:

(۱) ۱۴ سالہ فتوحات اسلامی۔ (۲) فتوحات عہد نبوی و خلافت راشدہ۔ (۳) موجودہ دنیا میں اسلامی آبادی۔ (۴) عرب بعہد نبوی۔ (۵) جنگ یرموک۔ (۶) غزوۂ بدر۔ (۷) غزوۂ احد۔ (۸) غزوۂ خندق۔ (۹) فتح مکہ۔ (۱۰) جنگ طلاس گرد۔

ان نقشوں میں سے آخر الذکر پانچ نقشے تو بالکل نئی چیز ہیں اور ان کی مدد سے اسلامی جہاد کے معرکوں کے بہت سے پہلوؤں پر روشنی پڑتی ہے۔ اول الذکر پانچ نقشوں میں اگر علامات اور اعداد شمار اور تشریحی اشارات اور گرافوں وغیرہ کے ذریعے تاریخ اسلامی کے متعلق مزید بہت سی معلومات جمع کر دی جائیں تو ان کی قدر و قیمت کئی گنا زیادہ ہو جائے۔ ایک کمی یہ بھی محسوس ہوتی ہے کہ نشانات حدود کی صحت بالکل مشتبہ ہے نیز بلاک کی چھپائی سے ان نقشوں میں مزید نفاست پیدا کی جا سکتی ہے۔ آجکل تو فن نقشہ نویسی بہت ترقی یافتہ ہے، مگر سب اسلام ہی کے لیے اسے استعمال نہیں کیا جاتا۔

ہر نقشے کا سائز ۳۶ × ۲۴ انچ ہے۔